© rasailojaraid.com



# شذرات

خدا کا شکر ہے کہ گذشتہ سال کی طرح اس دفعہ بھی عاشورۂ محرم امن وامان سے گذر گیا اور ملک کے کسی حصہ میں بھی کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا۔ باہمی اتفاق واتحاد ہر قوم کے لئے ایک ضروری اور لابدی امر ہے، لیکن ہمارا ملک زندگی کے جن مشکل مراحل سے اس وقت گذر رہا ہے اس کا تقاضا ہے کہ ہم مذہبی اختلاف اور منافرت کو اپنے اندر آنے نہ دیں۔

پاکستان مسلمانوں کی قومی مملکت ہے، اس کا قیام برصغیر کے تمام مسلمانوں کی متفقہ مساعی کا نتیجہ ہے۔ چنانچہ یہ قدرتی بات ہے کہ اس میں ہم ایک متحدہ قوم کی حیثیت سے زندگی بسر کریں، یہ صحیح ہے کہ اس ملک میں مختلف مذہبی فرقے موجود ہیں، لیکن ان سب کو اپنی اپنی حدود میں رہ کر ایک متحدہ قوم کی حیثیت سے رہنا ہوگا، اس کے بعد ہی ہم اس قابل ہوسکتے ہیں کہ دوسرے ممالک اسلامی کے ساتھ اقتصادی، ثقافتی اور علمی روابط کو مضبوط بنا سکیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قارئین الرحیم کو یاد ہوگا دو سال قبل استنبول میں پاکستان، ایران اور ترکی کے سربراہوں کی ایک کانفرنس ہوئی تھی جس میں ان تینوں اسلامی ملکوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے تاریخی فیصلے کئے گئے تھے۔ جو کہ بین الاقوامی لحاظ سے بڑی اہمیت کے حامل تھے، ہم نے اس وقت بھی یہ مشورہ دیا تھا کہ اسلامی دنیا میں اپنا مقام پیدا کرنے کے لئے پاکستان کو لازماً دو چیزیں کرنا ہوں گی ایک تو یہ کہ عملاً و معناً اسلامی بنے اور دوسرے اسے قومی بننا ہوگا، پہلی چیز کے متعلق تو دو رائیں ہو نہیں سکتیں، پاکستان کا نظری اساس ہی خود اسلامیت ہے، آج اسلامیت کو نہ صرف پاکستان کے اندر بلکہ پوری دنیائے اسلام میں تمام مسلمانوں کو ذہنی طور پر قریب کرنے بلکہ انہیں متحد کرنے کا فریضہ سرانجام دینا ہے، اسلام کو آج بنائے ہفتاد و دو ملت نہیں، بلکہ تمام مسلمانوں کی وحدت فکری و عمل کی اساس بننا ہے۔

---

سعودی عرب کے حکمراں شاہ فیصل کا حالیہ چھ روزہ دورۂ پاکستان ممالک اسلامیہ کو ایک دوسرے سے قریب لانے کی نیک فال ہے، اس وقت مسلم ممالک میں جس اتحاد، یگانگت اور رابطہ کی اہم ضرورت ہے وہ ہے باہمی اقتصادی تعاون، ہمارے صدر محترم اپنی ایک ماہانہ نشری تقریر میں بھی اس کا اظہار کر چکے ہیں اور یہ امید ظاہر فرمائی ہے کہ مسلم ممالک ایک دوسرے کے قریب آجائیں گے اور ایک دوسرے کی اقتصادی ترقی میں ممد و معاون ثابت ہوں گے۔

یہ صحیح ہے کہ ان مسلم ممالک میں اجنبی حکومتوں کے اثرات باقی رہنے کی وجہ سے کچھ باہمی غلط فہمیاں باقی رہ گئی ہیں مگر حالات کی تبدیلی سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ وہ زمانہ بھی دور نہیں جب یہ باہمی غلط فہمیاں دور ہو جائینگی اور عالم اسلام باہمی مفاہمت اور خود مختاری کی بنیاد پر ایک دوسرے کے قریب تر ہوتا جائیگا۔

© rasailojaraid.com